# تفسير احمد

## سُورَةُ العَادِيَاتِ

Ketabton.com

جزء - 30

سوره «العاديات» کا تفسير و ترجمه

تصنيف: امين الدين « سعيدي - سعيد افغانى»

ketabton.com - The Digital Library

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# سورۃ العادیات

## جزء (30)

سوره عادیات مکی ہے اس کی « ۱۱» آیاتیں ہیں

**وجہ تسمیہ:**

اس سورت کا آغاز عادیات پر حق تعالی کی قسموں سے ھوتاھے ، جس سے مراد "مجاھدین کے تیز رفتار گھوڑے ھیں، جنہیں "عادیات " کھاجاتاھے۔ یه سوره جو مکی سورتوں میں سے ایک ھے، اس کے دونام ھیں: العادیات، اور "وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا" ، سوره عادیات کو سوره عتاب یا گله یا سرزنش سے بھی مشهور ومعروف کیاگیاھے، الله تعالیٰ اس سورت کا آغاز جانور کی قسم کھاکر کرتاھے، اور اس سے مراد انسان کی ناشکری کا اظهار ھے، سورة العصر کے بعد اس سورت کا نزول هوا ھے .

**عادیات:** جمع ھے عادیه کا، اور لفظ "عدو" کے ماده سے دوڑنے کے معنی میں ھے، گھوڑے کوبھی عادیه کهتے ھیں، پس عادیات دوڑنے والے یا کوئی بھی چیز جو رفتار کے ساتھ راستے کا سفر طے کرتی ھے۔

اس سورت کا نام سوره مبارکه کے محور سے گهرا تعلق رکھتاھے، جو درحقیقت ان نعمتوں کے مجموعے کی بحث ھے جو الله تعالی نے اپنے بندوں کو عطاکی ھیں ، جن میں سے ایک یه عادیات بھی ھے، کہ اگر حقیقت میں شکر ادا کیاجائے تو انسان کمال کو پهنچ جاتاھے، جبکہ ان نعمتوں کی ناشکری کی صورت میں انسان عیب، کمزوری اور پسماندگی میں مبتلا ھوجاتاھے۔

### سورة العادیات کے نزو ل کا وقت

اس سورت کے مکی یا مدنی ھونےمیں علماء کے درمیان اختلاف ھے، حضرت عبدالله بن مسعود ، جابر ، حسن بصری ، عکرمه اور عطاء کهتے ھیں کی یه مکی سورتوں میں سے ھے، حضرت انس ابن مالک اور قتاده کهتے ھیں که یہ مدنی ھے، حضرت ابن عباس سے دوقول منقول ھیں ، ایک یه که سورت مکی ھے، اور دوسرا یه که مدنی ھے، لیکن سورت کا مضمون اور انداز بیان صاف بتارھاھے کہ یه نه صرف مکی ھے ، بلکه مکه کے بھی ابتدائی دور میں نازل ھوئی ھے .

ketabton.com - The Digital Library

## سورة العاديات کا ربط ومناسبت سورة الزلزال سے

**الف:** سوره الزلزال کی آیت "وَاَخۡرَجَتِ الۡاَرۡضُ اَثۡقَالَهَا" اور اس سورت کی "اِذَا بُعۡثِرَ مَا فِی الۡقُبُوۡرِ" کے درمیان ربط اور مطابقت .

**ب:** پچھلی سورت کے آخرمیں نیکی اور بدی کے بیان کا ذکر تھا، یہ سورت انسان کی ناشکری، حق کی نعمتوں سے انکار اور دنیا کو آخرت پر ترجیح دینے کی مذمت کرتی ھے .

## اس سورت کی آیات ، الفاظ اور حروف کی تعداد

سوره عادیات کا ایک (1) رکوع، گیاره (11)آیتیں ، چالیس (40) الفاظ ، ایک سو ستر(170) حروف اور انتہر(78) نقطے ھیں.

(قرآن کی سورتوں کے حروف کی تعداد میں علماء کی آراءمختلف ہیں، اس بحث کی تفصیل معلوم کرنے کے لیے تفسیر احمد سورة الطور ملاحظہ کریں)

## سورة العادیات کی تمهید

سورة عادیات میں خدا کی راه میں مجاهدین کے گھوڑوں کے بارے میں بتایاگیاھے، جب وه دشمن پر حمله کرتے هیں، تو ان سے ایک زور دار آواز سنائی دیتی ھے، پھر تیز دوڑتے هوئے پتھروں کے ساتھ ان کے نعل کے ٹکرانے اور رگڑسے آگ کی چنگاریاں نکلتی ہیں، اور گرد وغبار اٹھتاھے ، سورت کا آغاز حمله آور هونے والے گھوڑوں پرقسم سے هوئی ھے، یه الله تعالی کی بارگاه میں ان کے فضل اور عزت کو ظاهر کرتاھے، قسم کھا ئی ھے که انسان الله تعالی کی نعمتوں کا ناشکراھے ، وه اس کی عنایات اور سخاوت کا انکار کرتاھے ، اور زبان حال وقال سے ناشکری اور انکار کا اظهار کرتاھے، یہ سورت انسان کی فطرت اور دولت سے اس کی شدید محبت اور لگاؤ پر بھی بحث کرتی ھے، اور یه بتاتی ھے که آخر انسان کو حساب وکتاب اور سزا کے لیے الله تعالی کی بارگاه میں واپس لوٹتاھے پر سورت ختم هوتی ھے، اور ظاهر کرتی ھے که دولت اور مقام فائده مند نهیں هیں، بلکہ صرف نیک اعمال هی نفع بخش هیں .

## سوره مبارکه کا سبب نزول

بزار ، ابن أبی حاتم اور حاکم نے ابن عباس رضی الله عنه سے روایت کیا ھے که: رسول الله صلی الله علیه وسلم نے اسلام کے سپاهیوں کا ایک گھڑ سوار دسته جهاد کے ایک میدان میں بھیجا، اور ایک مهینه انتظار کیا، لیکن ان کی طرف سے کوئی خبر نهیں آئی ، پھر یه آیات نازل هوئیں: "وَالۡعٰدِیٰتِ ضَبۡحًا ۙ۝۱ فَالۡمُوۡرِیٰتِ قَدۡحًا ۙ۝۲ فَالۡمُغِیۡرٰتِ صُبۡحًا ۙ۝۳ فَاَثَرۡنَ بِهٖ نَقۡعًا ۙ۝۴ فَوَسَطۡنَ بِهٖ جَمۡعًا ۙ۝۵ اِنَّ

ketabton.com - The Digital Library

الْإِنْسَانَ لِرَبِّهِ لَكَنُودٌ ۝٦ وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ۝٧ وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝٨ أَفَلَا يَعْلَمُ إِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُورِ ۝٩ وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُورِ ۝١٠ إِنَّ رَبَّهُمْ بِهِمْ يَوْمَئِذٍ لَخَبِيرٌ ۝١١ " ( بزار نے مسند 82/3 میں شماره 2291 "کشف " ، اور واحدی نے ( اسباب النزول میں : صفحه 305 ) ، ودارقطنی نے (الأفراد: 236/3 ) شماره 2525 - اطراف الغرائب ) اس کی تخریج کی ہے ؛ جس طرح کہ سیوطی نے(الدر المنثورمیں (599/8 ) اس کو ذکر کیاھے، ابن منذر، ابن أبی حاتم اور ابن مردویه نے اپنی تفسیر میں "احمد بن عبده الضبی عن حفص بن جمیع ثنا سماك عن عکرمة عن ابن عباس) سے اسے نقل کیاھے، حکم سند: ضعیف، (حفص بن جمیع ضعیف ھے) اس حدیث کے ضعیف ھونے کی ایک اور وجه یہ بھی ھے، سماک کی روایت عکرمه سے مضطرب ھے .

## سورة العادیات کے مشتملات

اگر اس سورت کے مشتملات پر توجه دی جائے تو ہم دیکھتے ہیں که اس سورت کے شروع میں جگانے والی قسموں کا ذکر کیاگیاھے ، اور اس کے بعد بنی نوع انسان کی بعض کمزوریوں جیسے : کفر اور دنیا پرستی کے بارے میں بات کی گئی ھے، اور آخر میں ایک مختصر اور واضح اشاره ھے قیا مت کے بارے میں اور الله تعالی کا اپنے بندوں کے علمی احاطه پر سورت کا اختتام ھواھے۔

## سورت کی مبارک آیات کی تقسیم

سورت کی پهلی تا آیت"5" میں الله تعالی کی طرف سے انسانوں کو عطا کی گئی عظیم نعمتوں کا تذکره ھے، اور توقع کی گئی ھے که انسان ان نعمتوں کا شکر ادا کریں ، لیکن حقیقت یه ھے که اکثر انسان اپنی خواهشات، میلان اور تمناؤں کے تابع ھوکر اس طرف قدم نهیں اٹھاتے، بلکه شکرگزاری کے بجائے کفر او رناشکری اختیار کرتےھیں۔

آیت "6" پهلی پانچ آیات کا جواب ھے که الله تعالی نے بندے کو نعمتیں عطاکی ھیں اور بندے سے شکر گزاری کی توقع کی گئی ھے، لیکن ایسا نهیں ھے ، اور سوره کی آیت "9" سے آخرتک مرنے کے بعد لوگوں کے دوباره زنده ھونے اور ان کے ان اعمال کےظاهر ھونے کی طرف اشاره ھے جنهیں وه چهپاتے تھے، اور انسان کی اعمال کی جزا اور سزا تک پهنچنے کی طرف بھی اشاره ھے .

ketabton.com - The Digital Library

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

# سورۃ الۡعٰدِیٰتِ

وَالۡعٰدِیٰتِ ضَبۡحًا ۙ۱ فَالۡمُوۡرِیٰتِ قَدۡحًا ۙ۲ فَالۡمُغِیۡرٰتِ صُبۡحًا ۙ۳ فَاَثَرۡنَ بِہٖ نَقۡعًا ۙ۴ فَوَسَطۡنَ بِہٖ جَمۡعًا ۙ۵
اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوۡدٌ ۚ۶ وَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیۡدٌ ۚ۷ وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ ؕ۸ اَفَلَا یَعۡلَمُ اِذَا بُعۡثِرَ مَا
فِی الۡقُبُوۡرِ ۙ۹ وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوۡرِ ۙ۱۰ اِنَّ رَبَّہُمۡ بِہِمۡ یَوۡمَئِذٍ لَّخَبِیۡرٌ ۱۱

## سورت کا ترجمہ

| | |
|---|---|
| بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | شروع کرتاھوں اللہ کے نام سے جوبڑا مھربان نھایت رحم والاھے |
| وَالۡعٰدِیٰتِ ضَبۡحًا ۙ۱ | قسم ھے دوڑنے والے گھوڑوں کی ھانپ کر (جھاد کے میدان کی طرف بڑھتے ھیں) |
| فَالۡمُوۡرِیٰتِ قَدۡحًا ۙ۲ | پھر (اپنی ٹاپوں سے) چنگاریاں اڑاتے ھیں |
| فَالۡمُغِیۡرٰتِ صُبۡحًا ۙ۳ | پھر جو صبح کے وقت (دشمن پر) حملہ کرنے والے ھیں |
| فَاَثَرۡنَ بِہٖ نَقۡعًا ۙ۴ | پھر اس موقع پرگرد وغبار اراتے ھیں |
| فَوَسَطۡنَ بِہٖ جَمۡعًا ۙ۵ | پھر اسی حالت میں کسی مجمع کے اندر جاگھستے ھیں |
| اِنَّ الۡاِنۡسَانَ لِرَبِّہٖ لَکَنُوۡدٌ ۚ۶ | حقیقت یہ ھے کہ انسان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکرا ھے |
| وَاِنَّہٗ عَلٰی ذٰلِکَ لَشَہِیۡدٌ ۚ۷ | اور وہ خود اس پر گواہ ھے |
| وَاِنَّہٗ لِحُبِّ الۡخَیۡرِ لَشَدِیۡدٌ ؕ۸ | اور وہ مال و دولت سے بھت زیادہ محبت کرنے والاھے |
| اَفَلَا یَعۡلَمُ اِذَا بُعۡثِرَ مَا فِی الۡقُبُوۡرِ ۙ۹ | کیا وہ اس وقت کو نھیں جانتا کہ جو (مردے) قبروں میں ھیں وہ باھر نکال لیے جائیں گے |
| وَحُصِّلَ مَا فِی الصُّدُوۡرِ ۙ۱۰ | اور جوکچھ سینوں میں ہے ظاھر کردیاجائے گا |
| اِنَّ رَبَّہُمۡ بِہِمۡ یَوۡمَئِذٍ لَّخَبِیۡرٌ ۱۱ | بیشک ان کارب اس دن ان کے متعلق یقینًا خوب خبر رکھنے والاھے |

ketabton.com - The Digital Library

## تشریح لغات و اصطلاحات

"الْعٰدِيٰتِ" عَادِیَه کی جمع، سرپٹ گھوڑے، اس سے مراد کوئی بھی ایسی سواری ، اور اسباب ہیں جو الله تعالی کی راہ میں اور اس کے احکام کو بجالانے کے لیے استعمال ہوتے ہیں، یعنی: غازیوں کے گھوڑے جو تیزی سے دوڑتے ہیں، "ضبحًا" تیزدوڑتے ہوئے گھوڑوں کے ہانپنے کی آواز، "الموریات" مُوْرِيَةٌ کی جمع ، چقماق کے پتھر کو ایک دوسرے پر مارنا، یہاں به معنی اسم فاعل ہے، "قَدْحًا" حال ہے ، "قادحات" اسم فاعل کے طور پر بھی ذکر کیا گیاہے اور حال ھے، مراد پاؤں کے سموں کو زمین کے پتھروں پر مارناھے ۔

"الْمُغِيرَاتِ" مُغیره کی جمع، حمله کرنے والے، مغیرات : أغاره کے ماده سے ھے، جس کا مطلب ھے کسی چیز کو اونچی جگه سے نیچے جگه پر اتارنا، اس لیے "أغاره" کے معنی حمله کرنے کے ھیں، "صُبْحاً " صبح کے وقت، مفعولٌ فیه ھے، اور اُسے به معنی اسم فاعل (مُصْبِحَات) بھی ذکر کیاگیاھے، اسے زمانه حال میں شمار کیاھے، صبح: جب سورج طلوع ہوتاھے اور اس کی روشنی چارسو پھیل جاتی ھے ۔

"أثرنَ" انھوں نے بیدار کیا، اٹھا یا، یه باب افعال ہے "إثارة" کے مصدر سے ھے ، اس کا ماده "ثور" ھے، (ملاحظه فرمائیں، سوره بقره : 71 ، سوره روم: 9 اور 48، سوره فاطره :9)۔

"وَسَطْنَ" بیچ میں گئے، بیچ کی طرف بہا گے، "الانسان " اس سے مراد وه انسان ھے جس کی پرورش علم الٰھی کی روشنی میں نہیں ہوئی، اورانبیاء کی تعلیمات اس کے دل میں جاگزیں نہیں ہوئیں، اور اس نے آپ کو سرکش جبلتوں اور خواھشات کے حوالے کردیاھے، "لکنود" ، "كَنَدَ" کے ماده سے ھے، یعنی: خیر کے بغیر، خیرسے محروم ھوگیا، مبالغه کے لیے ھے، بهت ناشکری کرنے والا، حق سے نا آشنا اور بے خبر، "بُعْثِر" باھر لایاگیا، اور زنده ہوا (سوره انفطار: 4) "حُصِّل" ھاتھ میں لگا، جمع ہوا ، "خبیر" آگاه، باخبر. (منقول: تفسیر نور).

## مختصر تفسیر :

سوره ھذا کی مبارک آیات میں: انسان خدا کی نعمتوں کا منکر، مال و دولت

ketabton.com - The Digital Library

سے بے پناہ محبت کرنے والا اور آخرت کے بارے میں بے پرواہ ہے، جیسے موضوعات کے بارے میں بحث ہوئی ہے، ۔

| | |
|---|---|
| وَالۡعٰدِیٰتِ ضَبۡحًا ۙ﴿۱﴾ | قسم ہے دوڑنے والے گھوڑوں کی ھانپ کر (جہاد کے میدان کی طرف بڑھتے ھیں) |

یعنی: یہی دوڑنے والے ھیں جو اپنے تیزاور جارحانہ دوڑ سے اپنے سینوں سے تیز آواز نکالتے ھیں، یہ ان کے تیز و تند دوڑنے کی دلیل ھے، اور یہی ھیں کہ جب ان کے کھر پتھر سے ٹکراتے ھیں تو چنگاری اڑتی ھے ، اور یہی ھیں جو صبح کے وقت حملے کے لیے استعمال ھوتے ھیں، اور یہی ھیں کہ جو تیز دوڑنے کی وجہ سے گردوغبار اڑاتے ھیں ، اور یہی ھیں جو مخالف صفوں میں گھس کر انہیں چیر دیتے ہیں۔

ابن عباس ؓ فرماتے ھیں : گھوڑا جب دوڑتاھے تو اس وقت اح ، اح کی آوازیں سنائی دیتی ھیں، اسے "ضبح" کہتے ھیں ، مفسر ابو سعود کہتے ھیں : اللہ تعالی نے مجاھدین کے گھوڑوں کی قسم کھائی ھے کہ جب وہ دشمن پرحملہ کرتے ھیں تو ان کے حلق اور ناک سے ایک تیز آواز سنائی دیتی ھے (ابوسعود : 280/4)۔

**علماء کے نزدیک "عادیات" کے دومعنی ھیں:**

**1 -** اونٹ۔

**2 -** دوڑنے والے گھوڑے ۔

تفهيم القرآن کے مفسر اس مبارک آیت کے تحت لکھتے ھیں : آیت کے الفاظ میں یہ تصریح نہیں ھے کہ دوڑنے والوں سے مراد گھوڑے ھیں، بلکہ صرف و الۡعٰدِیٰتِ (قسم ھے دوڑنے والوں کی) فرمایا گیاھے، اسی لیے مفسرین کے درمیان اس باب میں اختلاف ھواھے کہ دوڑنے والوں سے مراد کیاھے، صحابہ وتابعین کا ایک گروہ اس طرف گیاھے کہ اس سے مراد گھوڑے ھیں ، اور ایک دوسرا گروہ یہ کہتاھے کہ اس سے مراد اونٹ ھیں، لیکن چونکہ دوڑتے ھوئے وہ خاص قسم کی آواز جسے ضبح کہتے ھیں ، گھوڑوں ھی کی شدت تنفس سے نکلتی ھے، اور بعد کی آیات بھی جن میں چنگاریاں جھاڑنے اور صبح سویرے کسی بستی پر چھاپہ مارنے اور وھاں گرد اڑانے کا ذکر آیا ھے ، گھوڑوں ھی پر راست آتی ھیں، اس لیے اکثر محققین نے اس سے مراد گھوڑ ے ھی لیے ھیں، ابن جریر کہتے ھیں: دونوں اقوال میں سے یہ قول ھی قابل ترجیح ھے کہ دوڑ نے والوں سے مراد گھوڑے ھیں ، کیونکہ اونٹ ضبح نہیں کرتا، گھوڑا ھی ضبح کیا

ketabton.com - The Digital Library

کرتاھے، اور الله تعالی نے فرمایاھے که ان دوڑنے والوں کی قسم جو دوڑتے هوئے ضبح کرتے هیں" . امام رازی کهتے هیں که " ان آیات کے الفاظ پکار پکار کر کهه رهے هیں که اس سےمراد گهوڑے هیں، کیونکه ضبح کی آواز گهوڑے کے سوا کسی سے نهیں نکلتی ، اور آگ جهاڑنے کا فعل بهی پتهروں پر کهروں کی ٹاپ پڑنے کے سوا کسی اور طرح کے دوڑنے سے نهیں هوتا، اسی طرح صبح سویرے چهاپه مارنا بهی دوسرے جانوروں کی به نسبت گهوڑوں هی کے ذریعه سے هوتاهے " ۔

## قرآن کی قسمیں

قرآن کریم میں مجموعی طور پر چوالیس سورتوں میں ، ایک سو چار آیات میں ایک سواٹهاره جگہوں پر قسم کهائی گئی هے، قرآن مجید میں تینتیس سورتوں میں خالق کائنات کی چهیانوے (۹۶) قسمیں هیں، ان میں سے تیئیس (۲۳) سورتوں میں سورت کا آغاز قسم سے هے ، اور دونوں قسمیں نبی کریم صلی الله علیه وسلم کی زبان مبارک سے قیامت کے دن کے اثبات اور اس دن انسان کے اعما ل کے حساب وکتاب کے بارے میں آئی هیں، او ر چارقسمیں حضرت یوسف کے بهائیوں کی طرف سے هیں، ایک قسم جادوگروں کی جو فرعون کے لیے کهائی که موسی پرغالب آئیں گے ، ایک اور قسم شیطان کی هے جو خدا کے غیر مخلص بندوں کو گمراه کرنے کے بارےمیں هے، اور پندره قسمیں مشرکین، منافقین اور قیامت کے منکرین کی هیں (تفسیر کبیرصفحه : 23 اور 24)۔

سوگند (sawgand) اصل میں سوکنته (saokanta) ماچس کے معنی میں هے، اور قسم کهانا ماچس کهانے کا معنی دیتاهے، که یه گنهگار کو بے گناه سے فرق کرنے کا ایک طرح کا امتحان تها، پرانے زمانے میں ماچس کے ملا وٹ والا پانی ملزم کو پلاتے تهے، اور اس کے اثرسے یه طے کرتے تهے که وه مجرم هے یا بے گناه، پهر بعد والے زمانے میں یه قسم کی جگه استعمال هواهے، (فرهنگ عمید، جلد2 ، صفحه : 1485) ۔

قسم ایک اقرار اور اعتراف هے جو ایک شخص اپنی عزت پر کهاتاهے، خدا یا کسی کو گواه بناتاهے (فرهنگ فارسی معین، ڈاکٹر معین ، جلد 2 صفحه : 1956)۔

عربی زبان میں لفظ "قسم" اور اس کے تمام مشتقات فارسی زبان میں لفظ "سوگند" کے مترادف هیں، اور قسم کو اس لیے قسم کہاگیا ہے کہ یه کلام کو دوحصوں میں تقسیم کرتاهے، که صحیح کو غلط اور نادرست کو درست سے الگ کرتاهے، جبکہ اصطلاح میں قسم ایک جمله هے جس کے ذریعے دوسرے جملے کی تاکید هوتی هے، (مغنی اللبیب ابن هشام: صفحه 56) ۔

شیخ محمد عبده قرآنی قسموں کے بارے میں کهتے هیں : "جب آپ ان تمام

ketabton.com - The Digital Library

چیزوں پر توجه دیں گے جن کی قرآن میں قسمیں کھائی گئی هیں تو آپ دیکھیں گے که کچھ لوگوں نے ان چیزوں کے فوائد سے ناواقفیت کی وجه سے ان کا انکار کیا یا انہیں حقیر جانا، مختصر یه که وه ان کی تخلیق کی حکمت سے غافل تھے، اور ان قسموں نے ان سب کا جواب دیا اورلوگوں کو شک وتردید ، فریب اور غفلت سے نکالا، اور هرمخلوق کی کامیابی کو صحیح طور پر ظاهر کیا". اعمال خیر کی تعظیم وتکریم کے لیے لوگوں کو ان کے کرنے کی ترغیب ملی، ان میں سے "وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا" ترجمه: قسم هے دوڑنے والے گھوڑوں کی هانپ کر (جهاد کے میدان کی طرف بڑھتے هیں).

دوسری طر ف، قرآن کی قسمیں دنیا کے مسائل او رمخلوقات کی گهرائی میں انسانی فکر اور تحقیق کی رهنمائی کا بهترین ذریعه هیں، تاکه ان کوششوں اور درستگی کے ذریعے علوم او ردانش کے دروازے انسانی معاشرے کی طرف کھل سکیں، طنطاوی کے مطابق : "قرآن کی قسمیں علم کی کنجیاں هیں" (الجواهر طنطاوی، جلد 25، صفحه 258 ابوالقاسم رزاقی کی قرآن کی قسموں سے منقول ) .

| | |
|---|---|
| فَالْمُوْرِيٰتِ قَدْحًا ۙ۝۲ | پھر (اپنی ٹاپوں سے) چنگاریاں اڑاتے هیں |

میں قسم کھاتاهوں نعل سے آگ نکالنے والے گھوڑوں کی، جو اپنی تیز رفتاری اور شدّت کی وجه سے اپنے کھر سے چنگاریاں اڑاتے هیں یعنی اپنی ٹاپوں سے شرارے جھاڑتے هیں .

چنگاریاں جھاڑنے کے الفاظ اس بات پر دلالت کرتے هیں که یه گھوڑے رات کے وقت دوڑتے هیں، کیونکه رات هی کو ان کے ٹاپوں سے جھڑنے والے شرارے نظر آتے هیں (تفهیم القرآن ) .

| | |
|---|---|
| فَالْمُغِيْرٰتِ صُبْحًا ۙ۝۳ | پھر جو صبح کے وقت (دشمن پر) حمله کرنے والے هیں |

پھر صبح کے وقت حمله کرنے والوں کی، که صبح کے وقت (دشمن پر) حمله آور هوتے هیں ، مفسرآلوسی کهتے هیں که: حملوں میں یه معمول هے، وه رات کو حمله کرتے تھے که دشمن کو پته نه چلے، اور صبح کے وقت چھاپه مار کار روائیوں کا آغاز کرتے تھے، تاکه و ه دیکھیں کیا لاتے هیں اور کیا چھوڑ جاتے هیں (روح المعانی : 215/30).

| | |
|---|---|
| فَاَثَرْنَ بِهٖ نَقْعًا ۙ۝۴ | پھر اس موقع پرگرد وغبار اراتے هیں |

یعنی: وه دوڑتے هوئے دھول اڑاتے هیں ، اور اپنی تیز رفتاری سے مٹی کوهوا میں اچھالتے هیں، اس لیے که ان کی رفتار کافی تیز هے، اور اپنے قدموں کو سختی سے زمین پر مارتے هیں.

ketabton.com - The Digital Library

| | |
|---|---|
| فَوَسَطْنَ بِهٖ جَمْعًا ۝ | پھر اسی حالت میں کسی مجمع کے اندر جاگھستے ھیں |

پھر وہ دشمن کے لشکر کے بیچ میں گھس کر ان کا محاصرہ کرتے ھیں، اور دشمن کو غفلت میں رکھ کر ان کے بیچ میں داخل ھوتے ھیں تاکه دشمن کو ان سے مقابلے کا موقع نه ملے، خداتعالی نے ان تین چیزوں کی قسم کھائی ھے، تا که مجاھدین کے گھوڑوں کا مقام اور مرتبه بتادے جو که تیزی سے دشمن پرحمله آور ھوتے ھیں، اور ان کے کھروں سے آگ کی چنگاریاں اڑتی ھیں، اور صبح ھوتے ھی دشمن پر حمله کرتے ھیں، اور گردوغبار اڑاتے ھیں ، اور دشمن کے بیچ میں جگه بناتے ھیں ، اور ان کو پریشان اور افراتفری کا شکا ربناتے ھیں، الله تعالی میدان جنگ میں ان گھوڑوں کی خصوصیات ذکر کرنے کے بعد انسان کی سرزنش کرتاھے که اے انسان ! تو ناشکراھے ، الله تعالی کی بے شمار نعمتوں کا شکر ادا نھیں کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ الْاِنْسَانَ لِرَبِّهٖ لَكَنُوْدٌ ۝ | حقیقت یه ھے که انسان اپنے رب کا بڑا ہی ناشکراھے |

وہ خدا تعالی کے احسان سے چشم پوشی کرتاھے اسے بھول جاتاھے اور اپنے رب کے نعمتوں کی ناشکری کرتاھے، یعنی: اس کا شکر بالکل معمولی ساھے یا پھر نه ھونے کے برابرھے، جب که الله تعالی اس سے نعمتوں کے بدلے شکر گزاری چاھتاھے .

**"کنود"** اس آدمی کو کھتے ھیں جو بھت زیادہ انکار کرنے والا اور نعمتوں کی ناشکری کرنے والاھو، حسن بصریؒ کنود کے معنی میں کھتے ھیں : کنود سے مراد وہ شخص ھے جو مصیبتوں کو یاد کرکے نعمتوں کو بھول جاتاھے، حضرت ابن عباسؓ نے کھا: لکنود کا معنی ھے الله تعالی کی نعمتوں کا انکار کرنے والا، حضرت حسن بصریؒ نے بھی یه کھاہے کہ ، وہ مصائب کو یاد کرتاھے اور نعمتوں کو بھول جاتاھے .

ابوبکر واسطی نے کھا: جو الله تعالی کی نعمتو ں کو اس کی نافرمانی میں خرچ کرے، وہ "کنود" ھے ، اسی طرح ابوعبیدہ نے کھاہے کہ: کنود بمعنی قلیل الخیر ، اور ارض کنود شور(تھوروالی) زمین جس میں کچھ پیدا نه ھو، (تفسیر مظھری: جلد7 ص:467)۔

ترمذی نے کھا: جو آدمی نعمت کو دیکھے اور نعمت دینے والے کو نه دیکھے وہ "کنود" ھے، اس قول کے مطابق اس کا معنی ناشکری ھے که اوپر اس لفظ کا ترجمه ناشکرا کیا گیاھے .

آیت مبارکه "وَالْعٰدِيٰتِ ضَبْحًا " میں ھم نے ملاحظه کیا که: جھاد اور دفاع اس قدر قیمتی ھیں که الله سبحان وتعالی مجاھدین کے گھوڑوں کی سانس کی

ketabton.com - The Digital Library

قسم کھاتاھے، آیت مبارکه میں ھم نے دیکھاکه گھوڑے الله کی راه میں دوڑتے ھیں، جبکہ انسان الله تعالیٰ اور رسول صلی الله علیه وسلم کے حکم کی تعمیل میں ضد اور سرکشی کا مظاھره کرتا ھے .

| | |
|---|---|
| وَإِنَّهُ عَلَىٰ ذَٰلِكَ لَشَهِيدٌ ۝ | اور وه خود اس پر گواه ھے |

یعنی انسان کا ضمیر اس سے باخبر ھے، یهاں تک که جن معاملات میں وه بهانه تلاش کرتاھے یاعذر کرتاھے وه خود جانتاھے که کیا کررھاھے، "شهید" شَهِدَ کے ماده سے ھے، وه شخص جو حاضر ھو اور کسی کام کی نگرانی کرتاھو۔

**لفظ "لَشِهيدٌ" کے بارے میں علماء کی رائے :**

1 - انسان اپنے کاموں میں کوتاھی پر خود گواه ھے که وه شکر ادا نهیں کرتا .

2 - الله تعالی جانتاھے که اس کے بندے شکر گزار نهیں ھیں .

الله تعالی کا اعلان ھے که وه انسانی روح میں موجود چیزوں سے باخبر ھے، اور ان پر گواه ھے، جس طرح انسان اپنے اعمال قول وفعل کاگواه ھے ، اسی طرح وه نعمتوں کی ناشکری ، نعمتوں کے انکار اور الله تعالی کے دیے ھوئے عطایا کے انکار پربھی گواه ھے۔

یعنی: اپنی ناشکری کا خود گواه ھے اور به زبال حال و قال اپنے خلاف یه گواھی دیتاھے، اس لیے که اس ناشکری کا اثر اس پر ظاھرھے، قتاده اور سفیان ثوری کهتے ھیں که: اس کامعنی یه ھے کہ: "الله تعالی اس ناشکری پرگواه ھے"۔

| | |
|---|---|
| وَإِنَّهُ لِحُبِّ الْخَيْرِ لَشَدِيدٌ ۝ | اور وه مال و دولت سے بهت زیاده محبت کرنے والاھے |

اور اسے جمع کرنے میں دلچسپی رکھتا ھے، اسے دنیاوی چیزوں سے لگاؤ ھے، مال ودولت سے محبت کرنے والا اور دنیا کا عاشق ھے، اور اسے دولت وثروت جمع کرنے کا لالچ ھے، اس کے برعکس عبادت کا شوق، اور نعمتوں کی شکر گزاری میں اس کی دلچسپی بهت کم ، بلکہ نه ہونے کے برابرھے .

یه خدا کے قسم کھانے کی ایک اور صورت ھے، اور انسان کی دوسری صفت "کنود" ھے، یعنی ایسا انسان مال سے بهت زیاده محبت کرنے والا اور بخیل ھے، اور وه خیرات ، زکوۃ اور نفقه نهیں دیتا ، اس کا خیر کسی کو نهیں پهنچتا، نه کسی کو مالی نہ اخلاقی فائده پهنچاتاھے۔

الله تعالی نے دولت کو خیر کهاھے، ایک عام اصطلاح کے طورپر جو لوگوں میں مشهور ھے، که مال "خیر" ھے، یعنی اس کے ذریعے انسان

ketabton.com - The Digital Library

کو بهت ساری نیکیاں نصیب هوتی هیں ، اگر اسے الله کی رضا کی راه میں خرچ کرے .
یادر هے که: اس میں شک کی کوئی گنجایش نهیں که : مال میں دلچسپی انسان میں ایک فطری امر هے، لیکن جو چیز قابل مذمت هے وه انتهائی اورضرورت سے زیاده محبت اوردلچسپی هے جس میں ایک طرف انسان هر طرح کی آمدنی اور دولت کے حصول میں مشغول رهتاهے، اور دوسری طرف الله تعالی کی طرف سے واجب کیے گئے حقوق ادا نهیں کرتا .
مفسرین نے اس آیت کے مفهوم کے بارے میں دوقول بیان کیے هیں، ایک یه که انسان کو پیسے کا بهت زیاده شوق هے، دوسرا یه که پیسے کی محبت کی وجه سے وه لالچی اور کنجوس هے، مفسر ابن کثیر کهتے هیں: "دونوں معنی صحیح هیں" لهذا دونوں پهلوؤں کا خلاصه یه هے که: انسان دولت کی محبت میں حد سے تجاوز کرتاهے، اور اس کے حاصل کرنے میں سخت محنت کرنے والا، او ر اس کے ذخیره کرنے میں بهت مستعد هوتاهے که هاتھ اور پاؤں میں فرق نهیں کرتا، مذکوره بالا آیات سے درج ذیل نکات اخذ کیے جاسکتے ہیں .

1 - حرف "ف" کے ساتھ پانچ قسمیں مربوط هیں، جس سے معلوم هوتاهے که یه سب ایک هی جنس سے هیں، یعنی یه دوڑنے والے هی هیں جو تیز دوڑ نے سے اپنے سینوں سے ایک سخت آوازنکالتے هیں، جو ان کے تیزدوڑنے کو ظاهر کرتی هے، اور یهی هیں که جب ان کے کهر اور نعل کسی پتھر سے ٹکراتے هیں تو آگ کی چنگاریاں اڑتی هیں، یهی هیں جن کو صبح سویرے حمله کرنے کے لیے چُناگیاهے، اور یهی هیں که تیز دوڑ نے کی حالت میں گرد وغبار اڑاتے هیں، اور یهی هیں که دشمن کی صفوں میں گهس کر کار روائی کر تے هیں .

اس طرزبیان سے واضح هوتاهے که جن مفسرین کے نزدیک ان تیز دوڑنے والوں سے مراد صرف گهوڑے هیں، ان کا استدلال هے که کسی بهی دوسرے دوڑنے والوں پر یه خصوصیات درست نهیں آتیں، البتہ بعض مفسرین کا خیال هے که اس سے مراد دور جاهلیت میں عربوں کے بے وقت حملے هیں .

2 - مذکوره بالا قسموں کا جواب یه هے که: یقیناً انسان اپنے رب کا بڑا ناشکرا هے، (تفصیل کے لیے ملاحظه فرمائیں: تفسیر جلوه های از اسرار قرآن : حکمتیار).

قرآن عظیم میں متعدد آیات میں بعض ناشکرے بندوں کی صفات بیان کی گئی هیں، جو مصیبت کے وقت الله کی یادمیں مشغول رهتے هیں اور اس کی طرف رجوع کرتے هیں، لیکن خوشحالی اور نعمت کے وقت یا مصیبت رفع هونے کے بعد الله سے منه موڑتے هیں اور اسے بهول جاتے هیں:

ketabton.com - The Digital Library

قرآن مجید کی آیات: "63 اور 64" سوره انعام میں الله تعالی فرماتا هے:
"قُلْ مَنْ يُّنَجِّيْكُمْ مِّنْ ظُلُمٰتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ تَدْعُوْنَهٗ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۚ لَئِنْ اَنْجٰنَا مِنْ هٰذِهٖ لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الشّٰكِرِيْنَ ۝٦٣ قُلِ اللّٰهُ يُنَجِّيْكُمْ مِّنْهَا وَمِنْ كُلِّ كَرْبٍ ثُمَّ اَنْتُمْ تُشْرِكُوْنَ ۝٦٤" ترجمه:"کهو بهلا تم کو جنگلوں اور دریاؤں کے اندهیروں سے کون چهٹکارا دیتاهے (جب) که تم اسے عاجزی اورنیازپنهانی سے پکارتے هو (اورکهتے هو) اگرخدا هم کو اس (تنگی) سے نجات بخشے تو هم اس کے بهت شکر گزارهوں، کهو که خدا هی تم کو اس (تنگی) سے اور هرسختی سے نجات بخشتاهے، پهر (تم) اس کے ساتھ شرک کرتے هو".

اسی طرح فرماتا هے: "وَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنْۢبِهٖٓ اَوْ قَاعِدًا اَوْ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفْنَا عَنْهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنْ لَّمْ يَدْعُنَآ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ۚ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلْمُسْرِفِيْنَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١٢ "سوره یونس:12) ترجمه: "اور جب انسان کو تکلیف پهنچتی هے تو لیٹا اوربیٹها اور کهڑا (هرحال میں) همیں پکارتاهے پهر جب هم اس تکلیف کو اس سے دور کردیتے هیں تو (بے لحاظ هوجاتا اور ) اسطرح گزرجاتاهے که گویا کسی تکلیف پهنچنے پرهمیں کبهی پکاراهی نه تها اسی طرح حد سے نکل جانے والوں کو ان کے اعمال آراسته کر کے دکهائے گئے هیں" .

"فَاَمَّا الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ۝١٥ وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ۝١٦" (سوره فجر) ترجمه: " پس لیکن انسان جب اس کا رب اسے آزمائے، پهر اسے عزت بخشے اور اسے نعمت دے تو کہتا ہے میرے رب نے مجهے عزت بخشی (15) لیکن جب وه اسے آزمائے، اور اس پر اس کا رزق تنگ کردے تو کہتا ہے میرے رب نے مجهے ذلیل کردیا ہے (16)".

"فَاِذَا مَسَّ الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۡ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى عِلْمٍ ۭ بَلْ هِيَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝٤٩" (سوره زمر: 49) ترجمه: "جب انسان کو تکلیف پهنچتی هے تو همیں پکارنے لگتاهے، پهر جب هم اس کو اپنی طرف سے نعمت بخشتے هیں تو کهتاهے که یه تومجهے (میرے) علم (ودانش) کے سبب ملی هے (نهیں) بلکه وه آزمائش هے ، مگر ان میں سے اکثر نهیں جانتے ".

"وَمِنْهُمْ مَّنْ عٰهَدَ اللّٰهَ لَئِنْ اٰتٰىنَا مِنْ فَضْلِهٖ لَنَصَّدَّقَنَّ وَلَنَكُوْنَنَّ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝٧٥ فَلَمَّآ اٰتٰىهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ بَخِلُوْا بِهٖ وَتَوَلَّوْا وَّهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ۝٧٦" (سورة التوبه : 76 و 75) ترجمه: " اورأن میں بعض ایسے هیں جنهوں نے خداسے عهدکیاتها که اگر وه هم کو اپنی

ketabton.com - The Digital Library

مهربانی سے (مال) عطافرمائے گا تو هم ضرور خیرات کیا کریں گے اور نیکوکاروں میں هوجائیں گے، لیکن جب خدا نے ان کو اپنے فضل سے (مال ) دیا تو اس میں بخل کرنے لگے اور (اپنے عهد سے) روگردانی کرکے پهربیٹھے "۔

رب تعالی ایسے ناشکرے اور بے ایمان لوگوں کو بڑی وضاحت کے ساتھ بتاتاهے که ایک دن آئے گا جس میں بازپرس هوگی، قیامت قائم هوگی، اور جو قبروں میں سوئے هوئے هیں وہ اٹھیں گے، اور جو کچھ سینوں میں هے اس کوبھی دیکھا جائے گا، وہ سب رب کے سامنے کھڑے هوں گے، اس دن وہ جان لے گا که اس کا رب دوسروں سے زیادہ اس کی حالت سے باخبر هے، وہ جانتاهے که کس نے کیا ناشکری کی هے، اور کون کس انعام کا مستحق هے، "وَلَئِنْ اَذَقْنٰهُ رَحْمَةً مِّنَّا مِنْۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُ لَيَقُوْلَنَّ هٰذَا لِيْ ۙ○ وَمَآ اَظُنُّ السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ○ وَّلَئِنْ رُّجِعْتُ اِلٰى رَبِّيْٓ اِنَّ لِيْ عِنْدَهٗ لَلْحُسْنٰى ۚ○ فَلَنُنَبِّئَنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِمَا عَمِلُوْا ۙ○ وَلَنُذِيْقَنَّهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۵۰○" سورہ فصلت:50) ترجمه: "اور اگر تکلیف پهنچنے کے بعد هم اس کو اپنی رحمت کا مزہ چکھاتے هیں تو کهتاهے که یه تو میرا حق تھا اور میں نهیں خیال کرتا که قیامت برپاهو، اور اگر (قیامت سچ بھی هو اور) میں اپنے پروردگار کی طرف لوٹایا بھی جاؤں تو میرے لیے اس کے هاں بھی خوشحالی هے، پس کافر جو عمل کیا کرتے هیں وہ هم ان کو ضرور جتائیں گے اور ان کو سخت عذاب کا مزا چکھائیں گے " ۔

| | |
|---|---|
| اَفَلَا يَعْلَمُ اِذَا بُعْثِرَ مَا فِي الْقُبُوْرِ ۙ۹○ | کیا وہ اس وقت کو نهیں جانتا که جو (مردے) قبروں میں هیں وہ باهر نکال لیے جائیں گے |

کیا وہ (دنیاکے بھکاوے میں آنے والا انسان) نهیں جانتاکه جو کچھ قبروں میں هیں (سب حساب وکتاب کے لیے) دوبارہ اٹھائے جائیں گے ، "إذا بُعْثِر" بیدار کرکے قبروں سے نکالاجائے ، کیا یه ناشکرا انسان جس نے مال و دولت کے پیچھے دل کھودیا هے ، یه نهیں جانتا که ایک وقت آئے گا که: جب قبریں پھٹ جائیں گی، اور ان قبروں میں مدفون لوگوں کو قبروں کی گهرائی سے نکالاجائے گا، جهاں وہ ان کےکهنے کے مطابق میٹھے نیند سوئے هوئے تھے، سورہ یس آیت"52" میں فرماتاهے که:"قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۞" جب وہ زندہ کیے جائیں گے تو کهیں گے: "هائے هماری بربادی ! کس نے همیں همارے سونے کی جگه سے اٹھادیا؟ " انهیں اچانک یاد آئے

ketabton.com - The Digital Library

گا کہ دنیا میں ایسا وعدہ دیاگیا تھا، " هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ الْمُرْسَلُوْنَ " (یہ وہ ھی ہے جو رحمان ذات نے وعدہ کیا اور رسولوں نے سچ کہا تھا) حقیت یہ ھے کہ : قیامت کا ذکر، ناشکروں اور دولت کےپجاریوں کے لیے تنبیہ ھے ۔

| | |
|---|---|
| وَحُصِّلَ مَا فِي الصُّدُوْرِ ۙ۱۰ | اور جوکچھ سینوں میں ہے ظاھر کردیاجائے گا |

جو راز اور اسرار دلوں میں چھپے ھوئے ھیں ان کو ظاھر کیا جائے گا، اور سارے راز کھل جائیں گے، یعنی جتنے بھی راز پوشیدہ ھوں گے سب کے سب اس دن ظاھرہوں گے اور اس کے بارے میں حساب و کتاب ھوگا ۔

"يَوْمَ تُبْلَى السَّرَآئِرُ ۙ۹" (سورہ طارق ) اس دن سارے راز فاش ھوں گے) یہ مقام ھے کہ : "فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰهَا ۚ" (سورہ کھف : 49) ترجمہ:" تو تم گنھگاروں کو دیکھو گے کہ جوکچھ اسمیں (لکھا) ھوگا اس سے ڈر رھے ھونگے اور کھیں گے: ھائے شامت، یہ کیسی کتاب ھے کہ نہ چھوٹی بات چھوڑتی ھے نہ بڑی سب لکھ رکھاہے"۔

جس دن ھم ان کے لیے کتاب اور اعمال نامے نکالیں گے جو مکمل طور پر کھول دیے جائیں گے ، یعنی: ان سے کوئی چیز پوشیدہ نہیں ھوگی، ھرچیز ان پر ظاھر کردی جائے گی ، اور ان سے کھاجائے گا : کہ اپنا نامہ اعمال خو د پڑھو: "وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ عُنُقِهٖ ۚ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۱۳ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ۚ كَفٰى بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا ۱۴ "(الاسراء : 14- 13) ترجمہ: اور ھم نے ھرانسان کے اعمال کو (بصورت کتاب) اس کے گلے میں لٹکادیاھے، اور قیامت کے روز (وہ) کتاب اسے نکال دکھائینگے جسے وہ کھلا ھوا دیکھے گا (کھاجائیگا کہ ) اپنی کتاب پڑھ لے ، تو آج اپنا محاسب خود ہی کافی ھے" ۔

تم جوبھی کہو، یھاں وہ رب سےکچھ چھپا نہیں سکتا، یہ دنیا کی طرح نہیں ھے، کہ اس کی زبان کچھ اور کھتی ھے ، اس کی آنکھیں کچھ اور دیکھتی ھیں، اس کے کان کچھ اور سنتے ھیں اور اس کے دل میں کچھ اور ھے، یہ حال ھے آج لوگوں کا، اسی لیے انھیں سکون نہیں ھے، چونکہ وہ ھر وقت او رھر صورت حال میں ایک الگ شناخت اور شخصیت رکھتے ھیں، اسی لیے مکمل طور پر متزلزل ، الجھنوں میں الجھےھوئے اور پریشاں ھیں۔

ketabton.com - The Digital Library

| إِنَّ رَبَّهُمۡ بِهِمۡ يَوۡمَئِذٖ لَّخَبِيرُۢ ١١ ○ | بیشک ان کارب اس دن ان کے متعلق یقیناً خوب خبر رکھنے والاھے |
|---|---|

اس کے بندوں کا کوئی کام اس سے پوشیدہ نہیں ھے، ان کو ان کی اعمال کے مطابق بدلہ دیا جائے گا، الله تعالی همارے اعمال اور افکار ونظریات پر مکمل آگاهی رکھتاهے ۔

"خبیر" کا مطلب ھے ظاهر اور باطن کا علم هونا، الله تعالی اس دنیا میں بھی لوگوں کے معاملات سے باخبر ھے، البتہ قیامت کے دن یه صفت "خبیر" هونے کی سب پر ظاهرهوگی، کیونکه الله تعالی سب کچھ جاننے والاھے، اس کی بازپرس بھی درست ھے ۔

انسان کو معلوم هوناچاهیے که پوچھنے ، آزمایش اور حساب کا وه دن ضرور آئے گا ، که دلوں میں چھپے راز اور سینوں میں موجود ارادے ظاهر هوں گے، اگر اس نے اپنی ناشکری کا اقرار نه کیا اور اپنے ارادے کو نه بدلا، اور اس کا ازاله نه کیا، تو قیامت کے دن اس کا سامنا رب العالمین سےهوگا.

**الله تعالی سے ڈر اور خوف**

پهلی بات یہ که هم اپنے مهربان الله سے کیوں ڈریں؟ الله تعالی جو که کمال وجمال مطلق کا حامل ہے اورر رحیم و کریم ھے، اس سے توانسان کو محبت کرنا چاهیے ؟، جواب: انسان کا الله سے ڈرنے کی بنیاد کا خلاصه دوچیزوں میں کیا جاسکتاھے:

1 - بعض اوقات انسان کا خوف ان فرائض اور ذمه داریوں کی وجه سے هوتاهے جو اس کے کندهوں پر هیں، اور ممکن ھے که اس کو پورا کرنے میں وه کوتاهی کرے، نتیجتًا وه خدا کی عدالت میں اس کا جواب نهیں دے سکے گا، اپنے فرائض کی ادائیگی میں کوتاهی یا دوسروں کے حقوق کا احترام نه کرنے کی صورت میں اسے سزادی جائےگی، یامحبوب کی نظروں میں اپنا مقام کھودے ، اسے اپنے گناهوں کا ڈر ھے ۔

2 - بعض اوقات خوف الله کے مقام کی عظمت کو پهنچاننے اور خدا کے لامحدود اور عظیم الشان وجود کی طرف توجه کی وجه سے هوتاهے، کبھی کبھی ملاقات کرنے والا اس کی شان وشوکت سے اس قدر متاثرهوتاهے که وه اپنے دل میں خوف محسوس کرتاهے، اس حدتک که وه بولتے وقت هکلاتاهے ، اور بعض اوقات اپنی بات بھی بھول جاتاهے، حالانکه اس عظیم شخصیت کو اس سے اور سب سے بے پناه محبت اور پیار هوتاهے، اور اس سے کوئی غلط کا م بھی سرزد نهیں هوا، اس قسم کا خوف عظمت کے ادراک کا عکس اور رد عمل ھے، یه حالت

ketabton.com - The Digital Library

صرف ان لوگوں کو حاصل ھوسکتی ھے جو خدا کی پاک ذات کی عظمت اور خدا کے بلند مرتبہ سے واقف ھوں، اور جنھوں نے اس کے قریب ھونے کی لذت کا مزہ چک لیا ھو۔

قرآن کریم اس حالت کو علم ومعرفت والے بندوں کے لیے خاص قرار دیتاھے، "إِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ" (سورہ فاطر آیت: 28) ترجمہ:" خدا سے تو اس کے بندوں میں سے وھی ڈرتے ھیں جو صاحب علم ھیں، بیشک خدا غالب (اور) بخشنے والاھے " ۔

اس قسم کا خوف دنیاوی اور نفسانی اور خدا کے علم، قدرت اور حکمت کی معرفت سے پیدا ھوتاھے۔

خوف الٰھی ، خواہ وہ پھلے معنی میں ھو یا دوسرے معنی میں ، اللہ تعالی اور اس کے احکام اور مقام ومرتبہ اور انسانی وجود میں ان حقائق سے متعلق امور کی یاد دہانی اوراس کی طرف مکمل توجہ کا سب سے اھم عنصر ھے، اس وجہ سے خوف خدا اورڈر کا مقام دنیاوی غفلتوں ، انحرافات اور لغزشوں سے بچنے کے لیے سب سے قیمتی مظھرھے، ایک وقت میں سچائی کی سمجھ کے ساتھ خوف انسانی وجود میں اندرونی اور روحانی خوشی کو ظاھر کرتاھے، اس خوف سے جو خوشی وابستہ ھے، وھی خوشی دنیا کے عظیم ترین شخصیت کے سامنے ھونے کی خوشی ھے، کہ دباؤ کے باوجود اس کی وجہ سے ھونے والی موجودگی اور پریشانی کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا، اور اسے ھمیشہ خوبصورت ترین لمحے کے طور پر یاد رکھا جائے گا، خوف اور غصہ ہروقت قابل مذمت اور تکلیف دہ نہیں ھے ، بلکہ یہ تو قربت کا عامل، زیادہ محبت، آخرت کی سعادت اور نجات اور مستقبل قریب میں خوف سے نجات کی ضمانت بھی ھے ۔

اگر انسان ایک طرف خدا کی عظمت وبزرگی اور دوسری طرف اپنی کوتاھیوں اور گناھوں کی وجہ سے خوف الٰھی تک نہ پھنچ سکے، اور حقیقی معنی میں عاجزی اور خوف اس کے وجود میں غالب نہ ھو تو وہ اپنی کوتاھیوں کو دور کرنے اور توبہ کرنے کی کوشش نہیں کرے گا، قیامت کے دن وہ ایک افراتفری اور انتھائی خوفناک صورتحال سے دوچار ھوگا، جس کی دھشت خدا کے سامنے ہونے کے خوف سے ھزاروں گنا زیادہ ھے ۔

صدق اللہ العظیم وصدق رسولہ النبی الکریم

## Thank you for reading

Find more e-books and articles on Ketabton - your multilingual digital library.

**www.ketabton.com**

*Ketabton - Pashto, Farsi, Arabic & English*